**31.08.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بشکیک میں روس کے صدر ولادیمیر پتن سے بات چیت کی۔ اس دوران تجارت، توانائی اور دفاعی امور پر توجہ مرکوز کی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت، یوکرین میں جنگ کے خاتمے کی ہر کوشش کی حمایت کرتا ہے۔

☆ وزیر اعظم مودی نے ایران کے صدر مسعود پیزشکیان کے ساتھ میٹنگ کے دوران، جہاز رانی کی آزادی اور شہریوں کی حفاظت پر زور دیا۔

☆ وزیر اعظم نے کرغز جمہوریہ اور آرمینیائی رہنماؤں سے بھی ملاقات کی۔ وزیر اعظم کَل SCO سمٹ سے خطاب کریں گے۔

☆ بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار،GDP، عالمی اُتھل پتھل کے باوجود رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں سات اعشاریہ آٹھ فیصد تک پہنچ گئی۔

☆ بہار اور جھارکھنڈ، طویل عرصے سے چلے آرہے تنازعے کا تصفیہ کرتے ہوئے Sone ندی کے پانی کی تقسیم سے متعلق معاہدے پر پہنچ گئے ہیں۔

☆ نیپال میں اچانک سیلاب کے سانحے میں مرنے والوں کی تعداد 900 سے تجاوز کر گئی ہے۔ راحت اور بچاؤ کے سازوسامان کی کمی کے دوران چار ہزار سے زیادہ افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔

☆ اورمشہور فٹبال کھلاڑی لیونل میسی نے بین الاقوامی فٹبال سے سبکدوشی کا اعلان کیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Rev PM Bishkek Visit***

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج جمہوریہ کرغستان کے **Bishkek** میں شنگھائی تعاون تنظیم **SCO** سربراہ اجلاس کے موقع پر روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی۔ بات چیت میں بھارت اور روس کے درمیان دو طرفہ تعاون کے اہم شعبوں، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور دفاع پر توجہ مرکوز کی گئی۔ میٹنگ کے دوران، وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ انہیں اس بات پر بے حد اطمینان ہے کہ بھارت اور روس کے درمیان تعاون

مسلسل نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔

**SB - 2100 - PM on National Interest**

یوکرین تنازعے کے بارے میں، وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ طویل جنگوں کو ختم کرنے کی سمت بڑھنا ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت امن کیلئے تمام کوششوں کی حمایت کرتا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا۔

**SB - 2100 - PM on Ukrain**

میٹنگ کے دوران، وزیرِ اعظم نے کہا کہ تمام بھارتی شہری، صدر پوتن کو برکس سربراہ اجلاس کیلئے بھارت میں خوش آمدید کہنے کے منتظر ہیں، جو آنے والے دنوں میں نئی دلّی میں منعقد ہوگا۔

**SB - 2100 - PM on BRICS**

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے اس بات پر اطمینان ظاہر کیا کہ بھارت اور روس کے تعلقات خصوصی اور ممتاز شراکت داری کے اصولوں کی بنیاد پر مسلسل مضبوط ہو رہے ہیں۔وزیرِ اعظم مودی نے آج ایران، جمہوریہ کرغستان اور آرمینیا کے رہنماؤں کے ساتھ بھی دوطرفہ میٹنگیں کیں۔ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پیزشکیان کے ساتھ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا خطے کے موجودہ حالات و واقعات اور بدلتے ہوئے منظرنامے پر تبادلۂ خیال کیا۔وزیرِ اعظم مودی نے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا اور بھارت کے اس مستقل موقف کا اعادہ کیا کہ بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے تمام مسائل کا حل ہونا چاہیے۔ بحری جہازوں کی آمد و رفت اور تجارت کی آزادی کے تحفظ پر زور دیتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ شہریوں اور سوِل بنیادی ڈھانچے، بشمول تجارتی جہازوں اور ملاحوں کو کسی بھی صورت میں نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔

وزیرِ اعظم مودی اور جمہوریہ کرغستان کے صدر Sadyr ژاپاروف نے دوطرفہ تعلقات کی پیشرفت کا جائزہ لیا اور دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

وزیرِ اعظم مودی اور آرمینیا کے اُن کے ہم منصب Nikol Pashinyan نے دفاع، معیشت، دوا سازی، سائنس و ٹیکنالوجی، ثقافت اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔آج وسطی ایشیائی ملک کے اپنے دورے کے پہلے دن وزیرِ اعظم مودی نے Bishkek میں ’’فرینڈز آف انڈیا‘‘ گروپ کے اراکین سے بھی ملاقات کی۔ اس موقع پر بھارت کے ساتھ مختلف شعبوں میں کام کرنے والے چار وفود موجود تھے۔ کل جمہوریہ کرغستان کے اپنے دورے کے آخری دن، وزیراعظم مودی شنگھائی تعاون تنظیم کے 26ویں سربراہ اجلاس سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم مودی کل ازبکستان کا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد Bishkek پہنچے تھے۔

## GDP QI

بھارت کی اصل GDP میں مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں سات اعشاریہ آٹھ فیصد کی بڑھوتری درج کی گئی ہے۔ گزشتہ سال اسی سہ ماہی میں چھ اعشاریہ نو فیصد کی بڑھوتری درج کی گئی تھی۔ بھارتی معیشت نے ناسازگار حالات کے باوجود ترقی کی رفتار کو برقرار رکھا ہے۔ Nominal جی ڈی پی میں بھی موجودہ مالی سال کی پہلی

سہ ماہی میں 10اعشاریہ 3فیصد کی بڑھوتری درج کی گئی ہے۔ اعداد وشمار اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت نے آج موجودہ مالی سال میں اپریل سے جون تک کی پہلی سہ ماہی میں GDP کے تخمینے جاری کئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں 7اعشاریہ 8فیصد کی بڑھوتری کو مثالی اور ایک بڑا کارنامہ قرار دیا۔x

## PM GDP Growth

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP میں سات اعشاریہ آٹھ فیصد کی شرح ترقی کو ایک شاندار کامیابی قرار دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، وزیرِ اعظم نے کہا کہ یہ کامیابی تیل کی قیمتوں کے دباؤ، سپلائی چین میں رکاوٹ اور عالمی سطح پر غیر یقینی کی صورتحال کے باوجود ملک کے عوام کی اجتماعی طاقت اور مضبوطی کی عکاسی کرتی ہے۔اسی دوران، مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ اس مضبوط کارکردگی کا سہرا ملک کے عوام اور ان کی سخت محنت کو جاتا ہے۔ وزیرِ خزانہ نے کہا کہ NDA سرکار کی جانب سے کی گئی اصلاحات اورمعیشت کے مؤثر اور پائیدار انتظام کےمثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔

## MOSPI ISP

خدمات کی پیداوار کے اشاریے ISP کے تحت جون 2026کے دوران 19میں سے 18ذیلی شعبوں میں، سالانہ بنیاد پر اضافہ درج کیا گیا۔ 8شعبوں میں دو ہندسے کی شرح نمو درج کی گئی۔ اعداد و شمار اور پروگراموں پر عمل درآمد کی وزارت کی جانب سے جاری کردہ ذیلی شعبہ جاتی عارضی ISP اعداد و شمار کے مطابق ریئل اسٹیٹ کا شعبہ 24اعشاریہ سات فیصد کی شرح نمو کے ساتھ سب سے آگے رہا، جبکہ خردہ کاروبار میں 18فیصد کا اضافہ ہوا۔

تھوک کاروبار میں 15اعشاریہ ایک فیصد، انتظامی اور معاون خدمات میں 14اعشاریہ چار فیصد اور آئی ٹی اور کمپیوٹر سے وابستہ خدمات میں 13اعشاریہ پانچ فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

دوسری طرف فضائی نقل وحمل واحد ذیلی شعبہ رہا، جس میں کمی درج کی گئی۔ اس شعبے میں پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے 6فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔ISP، ایک مقررہ بنیادی سال کے مقابلے میں باضابطہ خدمات کے شعبے کی پیداوار کے حجم میں مختصر مدت کی تبدیلیوں کو ظاہر کرتا ہے۔ اعداد و شمار اور پروگراموں پر عمل درآمد کی وزارت نے کہا کہ اعداد و شمار کے معیار اور دائرۂ کار کا جائزہ لینے کیلئے خدمات کی پیداوار کے ماہانہ اشاریے آزمائشی بنیادوں پر جاری کیے جا رہے ہیں۔x

## Shah Sone River MoU

نئی دلّی میں آج مرکزی وزیر داخلہ امت کی موجودگی میں سون ندی کے پانی کی تقسیم کے معاملے پر بہار اور جھارکھنڈ کے مابین ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے۔ اس موقع پر جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین، بہار کے وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری، جل شکتی کے وزیر C.R. Patil بھی موجود تھے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ بہار اور جھارکھنڈ کے مابین اس معاہدے سے مشرقی بھارت میں لمبے عرصے سے جاری پانی کا مسئلہ حل ہوگیا ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ اس معاہدے سے بہار اور جھارکھنڈ کے دیہی علاقوں میں لاکھوں کسانوں کو آبپاشی کیلئے پانی دستیاب ہوگا۔ اس کے ساتھ ہی عوام کیلئے پینے کا پانی بھی فراہم کیا جاسکے گا۔x

## Rev Prez NIFT Convocation

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ ٹیکسٹائل اور ملبوسات کا شعبہ نہ صرف بھارت کے ثقافتی ورثے کا ایک اہم جزو ہے بلکہ یہ لاکھوں لوگوں کو روزگار بھی فراہم کرتا ہے۔ صدرِ جمہوریہ آج دلّی میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی NIFT کے جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کر رہی تھیں۔

محترمہ مرمو نے طلباء سے کہا کہ وہ ملک کے مالامال ثقافتی ورثے اور اقدار سے جڑے رہتے ہوئے عالمی نقطۂ نظر کو اپنائیں۔ فیشن انڈسٹری میں خواتین کے بڑھتے ہوئے رول پر زور دیتے ہوئے، انھوں نے کہا کہ تقریب میں موجود تقریباً چار ہزار طلباء میں سے لگ بھگ 85فیصد خواتین ہیں۔

**SB - President Murmu Final - 28 sec**

صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ بھارت میں فیشن اور ٹیکسٹائل ٹیکنالوجی کے شعبے میں عالمی سطح پر اپنی موجودگی بڑھانے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ محترمہ مرمو نے طلباء پر زور دیا کہ وہ ملک کے روایتی ٹیکسٹائل ورثے کو جدید بازاروں اور نئی ٹیکنالوجیز سے جوڑنے کیلئے اپنے علم، مہارت اور تخلیقی صلاحیت کو بروئے کار لائیں۔x

## Semicon 2.0 Reax

انڈیا الیکٹرانکس اینڈ سیمی کنڈکٹر ایسوسی ایشن IESA نے آج سیمی کون 2.0 کے باضابطہ نوٹیفکیشن کا خیر مقدم کرتے ہوئے، اسے سیمی کون انڈیا پروگرام کی کامیابی کیلئے ایک اہم پیشرفت قرار دیا۔ ایسوسی ایشن نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ جامع حکمت عملی بھارت کی سیمی کنڈکٹر صلاحیتوں کو نمایاں طور پر مضبوط اور بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کو راغب کرسکتی ہے۔ اس کے علاوہ، اعلیٰ قدر والی ملازمتیں پیدا کرسکتی ہے اور بھارت کو ایک قابلِ اعتماد عالمی سیمی کنڈکٹر شراکت دار کے طور پر مزید مستحکم کر سکتی ہے۔IESA کے صدر اشوک چندک نے کہا کہ بھارت اب اپنی ساکھ قائم کرنے کے مرحلے سے آگے بڑھ کر حقیقی صلاحیت پیدا کرنے کی جانب گامزن ہے اور مذکورہ پالیسی کا تسلسل اس سفر کو آگے بڑھانے میں اہم رول ادا کرے گا۔

انہوں نے کہا کہ پروگرام کے پہلے مرحلے نے پہلے ہی 12منظور شدہ پروجیکٹوں میں اعتماد کیا ہے، 100 سے زیادہ ڈیزائن اسٹارٹ اپس کی مدد کی ہے، 355اداروں اور 60ہزار سے زیادہ طلباء کیلئے الیکٹرانک ڈیزائن آٹومیشن ٹولز کو دستیاب کرایا ہے۔x

## Vaishnaw Semicon 2.0 Pillars

حکومت نے آج ملک میں Chip تیار کرنے کے ایکونظام کو فروغ دینے کیلئے ایک اعشاریہ دو سات لاکھ کروڑ روپے کے خرچ سے سیمی کون 2.0اسکیم کو نوٹیفائی کیا۔ نئی دلّی میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس اقدام سے آنے والے برسوں میں بھارت، عالمی سطح پر سیمی کنڈکٹر صنعت میں تقریباً 10فیصد حصہ داری حاصل کرسکتا ہے اور عالمی سیمی کنڈکٹر ویلیو چین میں اس کا رول مزید بڑھ سکتا ہے۔

جناب ویشنو نے مزید کہا کہ حکومت کی توجہ ملک کو عالمی سیمی کنڈکٹر ویلیو چین میں Wafer کی تیاری سے لے کر Chip کی پیداوار تک مضبوطی سے شامل کرنے پر مرکوز ہے۔

سیمی کون انڈیا پروگرام 2.0 کے تمام چھ اہم بنیادی اجزاء کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کے بعد جناب اشونی ویشنو نے کہا کہ عالمی سیمی کنڈکٹر صنعت کے شراکت داروں میں، اس بات کا اعتماد بڑھ رہا ہے کہ آنے والی دہائیوں میں بڑی سرمایہ کاری کیلئے بھارت ایک موزوں اور پسندیدہ مقام ہے۔x

## Nepal Flood

نیپال میں اچانک آنے والے تباہ کن سیلاب کے بعد بچاؤ کارروائیوں میں مصروف سکیورٹی اہلکاروں کو خصوصی آلات، لاشوں کیلئے تھیلوں، رسیوں اور ہیلی کاپٹروں کی کمی کے باعث شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ باور کیا جاتا ہے کہ یہ سیلاب 26اگست کو نیپال–تبت سرحد کے قریب برف اور چٹانوں کے تودے گرنے کے سبب آیا۔ سیلاب نے Bhotekoshi دریا سے متصل علاقے میں گھروں، سڑکوں اور پلوں کو تباہ کر دیا اور پن بجلی کے پروجیکٹوں کو بھی نقصان پہنچایا۔قدرتی آفات کی روک تھام اور بندوبست سے متعلق قومی اتھارٹی کے مطابق سیلاب اور مٹی کے تودے گرنے سے ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 903ہو گئی ہے، جبکہ چار ہزار 247سے زیادہ افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔نیپال کے وزیرِ اعظم بالیندر شاہ نے، اِس سیلاب کو ''غیر معمولی تباہ کن قدرتی آفت'' قرار دیا۔ تقریباً 21 ہزار سکیورٹی اہلکار بچاؤ کارروائیوں میں مصروف ہیں۔

بھارت نے نیپال میں بچاؤ اور راحت کے کاموں اور متاثرین کی شناخت میں مدد کیلئے خصوصی ٹیمیں تعینات کی ہیں۔ 19رکنی بھارتی فارینسک ٹیم نے کل کاٹھمنڈو میں انسانی لاشوں کی شناخت کیلئے DNA ٹسٹ میں مدد فراہم کرنے کا کام شروع کیا۔

بھارت کی سرنگوں میں بچاؤ کرنے والی ٹیم بھی Chilime اور Langtang میں پن بجلی کے پروجیکٹ کے مقامات پر امدادی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

ماہرین پر مشتمل ٹیمیں، نیپالی امدادی کارکنوں کو مختلف پن بجلی پروجیکٹوں سے وابستہ 933ورکروں اور ملازمین کا سراغ لگانے میں مدد فراہم کر رہی ہیں، جن سے 26اگست سے رابطہ منقطع ہے اور خدشہ ہے کہ ان میں سے بہت سے افراد سرنگوں کے اندر پھنسے ہوئے ہیں۔x

## Messi Retirement

Lionel Messi نے آج بین الاقوامی فٹبال سے اپنی ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ اس کے ساتھ ہی ارجنٹینا کیلئے ان کا 20سالہ کیریئر اختتام پذیر ہوا۔ ان کے کیریئر میں ورلڈ کپ کی جیت، دو مرتبہ کوپا امریکہ کا

خطاب اور اپنے ملک کیلئے ریکارڈ 207 میچ شامل ہیں۔

Messi نے کہا کہ ریٹائرمنٹ کا فیصلہ ورلڈ کپ کے فائنل میں اسپین سے شکست کے بعد سے ان کے ذہن میں تھا لیکن والد کی وفات نے انہیں مزید یقین دلا دیا کہ اب الگ ہونے کا وقت آ گیا ہے۔

39سالہ Messi نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر جاری ایک بیان میں اس فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے تصدیق کی کہ فٹبال کی تاریخ کے سب سے مشہور بین الاقوامی کیریئرز میں سے ایک کے بعد اب وہ ارجنٹینا کی جرسی نہیں پہنیں گے۔x

## ***Gootball Resullt AFC***

فٹبال میں، بھارت نے AFC U-20ایشین کپ 2027کے کوالیفائنگ مقابلوں میں اپنی مہم کی شروعات جیت کے ساتھ کی ہے۔ بھارت نے آج تاشقند کے Dostlik اسٹیڈیم میں شام کو ایک – صفر سے ہرا دیا۔ بھارت کی جانب سے Singamayun Shami نے 86ویں منٹ میں فیصلہ کُن گول کرکے بھارت کو جیت دلائی۔ گروپ B کے اس پہلے مقابلے میں بھارت نے جیت کے ساتھ تین پوائنٹس حاصل کرلئے۔ بھارت کو میزبان ازبیکستان، شام اور بنگلہ دیش کے ساتھ گروپ B میں شامل کیا گیا ہے۔ تمام آٹھ گروپس میں سرفہرست رہنے والی ٹیمیں اور دوسرے مقام پر رہنے والی بہترین 7ٹیمیں AFC U-20ایشین کپ 2027 کیلئے کوالیفائی کریں گی۔ بھارت کا اگلا مقابلہ جمعرات کے روز میزبان ازبیکستان سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆